
صدارتی مجلس اعلیٰ کا پیغام، فروری ۲۰۱۷ء



صدر تھامس ایس۔ مانسن

# ”جس طرح میں نے تم سے محبت رکھی“

**چند** سال پہلے لوئس نامی میرے ایک دوست نے مجھے اپنی نرم خو اور نرم گفتار ماں کے بارے ایک گداز واقعہ بتایا۔ جب وہ فوت ہو گئی، اُس نے اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے لئے کوئی مالی دولت نہیں بلکہ نمونے کی، قربانی کی، فرمانبرداری کی دولت کی میراث چھوڑی۔

جنازے کے تحسینی کلمات کہے جا چکنے اور قبرستان کی طرف افسردہ سفر کر چکنے کے بعد کو اِس بالغ خاندان نے ماں کے چھوڑے ہوئے قلیل اثاثہ جات کی ترتیب لگائی۔ اُن کے درمیان، لوئس نے ایک حوالہ اور کنجی دریافت کی۔ اُس حوالے میں یہ ہدایت دی گئی تھی: ”کونے والے کمرے میں، میرے ڈریسر کے نچلے دراز میں ایک چھوٹا صندوق ہے۔ اِس میں انتہائی قیمتی خزانہ ہے۔ یہ کنجی اُس صندوق کو کھولے گی۔“

سب حیران تھے کیا اُن کی ماں کے پاس اتنا قیمتی سامان تھا جو اُس نے صندوق میں تالا لگا کر رکھا ہوا تھا۔

اُس صندوق کو اُس جگہ سے اُٹھایا گیا اور اُسے بڑی احتیاط سے کنجی کی مدد سے کھولا گیا۔ جب لوئس اور دیگر لوگوں نے صندوق کی چیزوں کا بغور جائزہ لیا، تو اُن کو ہر ایک بچے کی منفرد تصویر ملی، جس میں بچے کا نام اور تاریخ پیدائش درج تھی۔ لوئس نے پھر گھر میں بنے ہوئے ویلنٹائن کو کھینچا۔ جس میں ایک غیر پختہ بچوں کی سی تحریر تھی، جس کو اُس نے پہچانا کہ وہ اُس کی اپنی تحریر تھی، اُس نے اُن الفاظ کو ”پیاری امی جان، میں آپ سے محبت کرتا ہوں،“ پڑھا جو اُس نے ساٹھ برس پہلے لکھے تھے۔

وہ بہت جذباتی ہو گئے، آوازیں نرم ہو گئیں، اور آنکھیں بھیگ گئیں۔ ماں کا خزانہ اُس کا اپنا ابدی خاندان تھا۔ اِس کی مضبوطی ”میں تم سے محبت کرتا ہوں،“ کی مضبوط بنیاد پر رکھی گئی تھی۔

آج کی دنیا میں، گھر میں محبت کی مضبوط بنیاد کی اِس سے زیادہ کہیں اور ضرورت نہیں ہے۔ اور مقدسین آخری ایام کے گھروں سے زیادہ دنیا کو اِس بنیاد کی بہتر مثال کہیں اور نہیں ملنی چاہیے جنہوں نے محبت کو اپنی خاندانی زندگی کا مرکز بنایا ہوا ہے۔

ہم میں سے وہ جو نجات دہندہ یسوع مسیح کے شاگرد ہونے کا اعتراف کرتے ہیں، اُس نے اُن کو یہ موثر ہدایت دی ہے:

”میں تمہیں ایک نیا حکم دیتا ہوں، کہ ایک دوسرے سے محبت رکھو؛ جس طرح میں نے تم سے محبت رکھی، تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو،

”اگر تم ایک دوسرے سے محبت رکھو گے تو اِس سے سب لوگ جان لیں گے کہ تم میرے شاگرد ہو۔“[1]

اگر ہم ایک دوسرے سے محبت رکھنے کے حکم پر عمل کریں گے، تو لازمی طور پر ہم ایک دوسرے سے رحمدلی اور عزت سے پیش آئیں، روزمرہ کی بات چیت میں اپنی محبت کا اظہار کریں۔ محبت مہربان لفظ، باصبر ردعمل، بے لوث عمل، ایک قابل فہم سماعت، اور معاف کرنے والے دل کو پیش کرتی ہے۔ ہمارے سارے تعلقات میں، ایسے اور اِس طرح کے اور اعمال ہمارے دلوں میں محبت کا ثبوت ہیں۔

صدر گورڈن بی۔ ہنکلی (۱۹۱۰–۲۰۰۸) نے غور فرمایا ہے: ”محبت ۔۔۔ دھنک کے اختتام پر سونے سے بھرا ہوا برتن ہے۔ تاہم یہ دھنک کے اختتام سے کہیں بڑھ کر ہے۔ محبت آغاز پر بھی ہے، اور اِس سے خوب صورتی پھوٹتی ہے جو طوفانی دن میں آسمان پر محراب بناتی ہے۔ محبت ایک پناہ ہے جس کے لئے بچے روتے ہیں، نوجوانوں کی خواہش ہے، شادیوں کو جوڑنے والی سریش ہے، اور ایسا روغن ہے جو گھر میں تباہ کرنے والی لڑائی کو روکتا ہے؛ یہ بڑھاپے کا سکون ہے، اُمید کی روشنی ہے جو موت کے وسیلے سے چمکتی ہے۔ وہ لوگ کتنے دولت مند ہیں جو خاندان، دوستوں، کلیسیا اور ہمسائیوں کے ساتھ اپنے تعلقات سے لطف اُٹھاتے ہیں۔“[2]

محبت انجیل کا جوہر ہے، انسانی جان کی اعلیٰ ترین خوبی۔ محبت بیمار خاندانوں، بیمار معاشروں اور بیمار قوموں کے لئے علاج ہے۔ محبت ایک مسکراہٹ، ایک لہر، ایک مہربان

رائے، اور آداب ہے۔ محبت قربانی، خدمت اور خود فراموشی ہے۔

شوہرو اپنی بیویوں سے پیار کرو۔ اُن کے ساتھ عظمت اور تحسین سے پیش آؤ۔ بہنوں، اپنے شوہروں سے پیار کرو۔ اُن کے ساتھ عزت اور حوصلہ افزائی سے پیش آؤ۔

والدینو، اپنے بچوں سے محبت کرو۔ اُن کے لئے دعا کرو، اُن کو سکھاؤ، اور اُن کے سامنے گواہی دو۔ بچو، اپنے والدین سے محبت کرو۔ اُن کی عزت، ممنونیت اور فرماں برداری کرو۔

مسیح کی خالص محبت کے بغیر، مورمن مشورت دیتا ہے کہ، [ہم] کچھ بھی نہیں۔''[۳]

میری دعا ہے کہ ہم مورمن کی مشورت پر عمل کر سکیں ''دل کی ساری طاقت سے باپ سے دعا کرتے ہوئے، کہ [ہم] اُس کی محبت سے معمور ہو جائیں، جو اُس نے اُن سب پر نچھاور کی ہے جو اُس کے بیٹے یسوع مسیح کے حقیقی پیروکار ہیں؛ کہ [ہم] خدا کے بیٹے بن سکیں؛ کہ جب وہ ظاہر ہو تو ہم اُس کی مانند بن سکیں۔''[۴]

**حوالہ جات**

| v57

1.


۱۔ یوحنا ۱۳: ۳۴–۳۵۔

۲۔ گورڈن بی۔ ہنکلی، ''And the Greatest of These Is Love,'' اینزائن، مارچ ۱۹۸۴ء۔

۳۔ مرونی ۷: ۴۶؛ آیت ۴۴ بھی دیکھئے۔

۴۔ مرونی ۷: ۴۸۔


---

## اِس پیغام سے تعلیمات

صدر مانسن ہمیں مسیح کی مانند حقیقی محبت کے اظہار کی اہمیت کے بارے سکھاتے ہیں، خاص طور پر گھر میں۔ جن سے آپ ملنے جاتے ہیں اُنہیں بطورِ خاندان اکٹھا ہونے اور اُن طریقوں پر گفتگو کرنے کو کہنے کے بارے غور کریں جن سے وہ ایک دوسرے سے اور زیادہ محبت ظاہر کر سکتے ہیں۔ آپ اِن تجاویز میں سے کوئی ایک منتخب کرنے کے لئے اُن کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں اور خاندانی طور پر اِس کو حاصل کرنے کے لئے منصوبے بنا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ہر ہفتے خاندان کے ارکان خاندان کے کسی دوسرے رکن کے لئے خدمت کے رازدارانہ عمل کو پیش کرنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں۔ آپ اُنہیں بعد میں اِس پر غور کرنے کو کہہ سکتے ہیں کہ کیسے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی کوشش نے اُنکے گھر میں محبت کو فروغ دیا ہے۔

## نوجوانان

### امن کے لئے دعا کرنا

سارہ ٹی۔

میرے والدین اکثر چرچ کے بعد میٹنگوں میں شریک ہوتے ہیں، اور میں اپنے تین چھوٹے بھائیوں کی دیکھ بھال کرتی ہوں اور لنچ میں اُن کی مدد کرتی ہوں—اگرچہ اکثر وہ چڑچڑے اور بھوکے رہتے ہیں۔ اکثر جب وہ لڑنا شروع کرتے ہیں، تو چھوٹے موٹے معاملات تو میں جلدی سے حل کر دیتی ہوں۔ لیکن بعض اوقات جب جھگڑا شروع ہوتا تو اُس وقت امن پیدا کرنا مشکل ہو جاتا، کیوں کہ میں برانگیختہ ہو جاتی۔

ایک دوپہر، میرے بھائیوں کا ساتھ رہنا انتہائی مشکل تھا۔ میں نے جانا کہ امن پیدا کرنے کے لئے میری کوششیں اِس کو اور خراب کریں گی کیوں کہ میں خود بھی پریشان تھی۔ پس میں نے اپنا لنچ کیا اور بات کرنا چھوڑ دی۔ آخر کار، میں نے اعلان کیا، میں دعا کرنے جا رہی ہوں۔ مہربانی سے کیا ہم ایک منٹ کے لئے خاموش ہو سکتے ہیں؟'' ایک بار جب وہ آرام سے بیٹھ گے، میں نے کھانے پر برکت کے لئے دعا کی۔ دعا ختم کرنے سے پہلے، میں نے اضافہ کیا، ''اور مہربانی سے ہمیں صلح جو بننے میں مدد کر۔''

پہلے، ایسا لگا کہ اُنہوں نے نہیں سنا اور پھر سے لڑنا شروع کر دیا۔ میں ناراض تھی مگر جانتی تھی کہ مجھے پُر محبت اور پُر سکون ہونے کی ضرورت تھی۔ ایک منٹ کے بعد، میں نے انتہائی پُر سکون محسوس کیا۔ میں نے کچھ بھی کہے بغیر کھایا، اور آخر کار لڑکوں نے لڑنا بند کر دیا۔ مجھے علم ہوا کہ جس امن کو میں نے محسوس کیا تھا یہ میری سادہ سی دعا کا جواب تھا۔ میں نے صلح جو ہونے کی دعا کی تھی، اور میرے آسمانی باپ نے اُس وقت پُر سکون ہونے میں میری مدد کی تھی جب میں چلانے کی آزمائش میں مبتلا تھی۔ میں جانتی ہوں کہ وہ ہمیں حقیقی امن دے سکتا ہے۔

**مصنفہ ایری زونا، یو ایس اے میں رہتی ہے۔**

## بچے

### حقیقی خزانہ

صدر مانسن ایک ماں کے بارے کہانی سناتے ہیں جس کے پاس خزانے کا ایک خاص صندوق تھا۔ جب اُس کے بچوں نے صندوق کھولا، تو اُن کو اپنی ہی تصاویر ملیں۔ ماں کا خزانہ اُس کا اپنا ہی خاندان تھا!

حقیقی خزانہ سونا یا جواہر نہیں ہیں—یہ وہ لوگ ہیں جن سے آپ پیار کرتے ہو۔ آپ کس سے پیار کرتے ہو؟ خزانے کے ایک صندوق کی تصویر بنائیں جس میں اُن کی تصاویر ہوں یا صندوق کے اندرونی طرف اُن کے نام لکھے ہوں۔


© 2016 by Intellectual Reserve, Inc. یو۔ ایس۔ اے میں چھپا۔


اجازت برائے انگریزی: 6/16۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/16
*First Presidency Message, February 2017* کا Urdu ترجمہ۔ 97922 434

# مسیح کا کفارہ خدا کی محبت کا ثبوت ہے

ایمان، خاندان، فلاح

دعا گو ہو کر اِس مواد کا مطالعہ کریں اور یہ جاننے کے لئے کہ کیا بیان کرنا ہے اِس کے لئے الہام کی کے خواہاں ہوں۔

یہ فہم کہ ہمارے آسمانی باپ نے اپنا اکلوتا بیٹا بخشا کہ ہم لافانیت اور ابدی زندگی کے لئے امکانی قوت پائیں ہمیں اپنے لئے خدا کی لامحدود اور سمجھ سے بالاتر محبت کو محسوس کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ہمارا نجات دہندہ بھی ہم سے پیار کرتا ہے۔

"کون ہمیں مسیح کی محبت سے جدا کرے گا؟۔۔۔

"کیوں کہ میں قائل ہوں کہ نہ موت نہ زندگی، نہ فرشتے نہ حکومتیں، نہ حال کی چیزیں نہ مستقبل کی،

"نہ قدرتیں، نہ بلندی، نہ پستی اور نہ کوئی اور مخلوق، ہمیں خدا کی اُس محبت سے جدا نہ کر سکے گی جو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے ذریعہ ہم پر ظاہر کی گئی ہے" (رومیوں ۸:۳۵، ۳۸–۳۹)۔

مسیح کے کفارے کے بارے، بارہ رسولوں کی جماعت سے ایلڈر ڈی۔ ٹوڈ کرسٹوفرسن نے کہا ہے: "گتسمنی میں نجات دہندہ کی تکلیف اور صلیب پر اُس کی جان کنی نے ہمارے لئے انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ہمیں گناہوں سے مَخلصی بخشی۔ وہ ہم پر رحم کرتا اور جو توبہ کرتے ہیں اُن کو معاف کرتا ہے۔ یسوع مسیح کا کفارہ ہمیں شفا دے کر اور ہمیں کسی بھی ایسی تکلیف سے تلافی مہیا کر کے جو ہم معصومیت سے برداشت کرتے ہیں ہمارے لئے انصاف کے واجب الادا قرض کو بھی پورا کرتا ہے۔ "کیونکہ دیکھو، وہ تمام آدمیوں کی خاطر دُکھ اُٹھاتا ہے، ہاں ہر زندہ مخلوق، مرد عورت اور بچوں کا درد جن کا تعلق آدم کے خاندان سے ہے' (۲ نیفی ۹:۲۱؛ ایلما ۷:۱۱–۱۲ بھی دیکھئے")۔[1]

مسیح نے "[ہماری] صورت اپنی ہتھیلیوں پر نقش کی ہوئی ہے" (یسعیاہ ۴۹:۱۶)۔ ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر لنڈا کے۔ برٹن بتاتی ہے، "محبت کا اعلیٰ ترین عمل جو ہم میں سے ہر ایک کو کرنا چاہیے وہ اپنے گھٹنوں کے بل ہو کر فروتنی سے دعا کرنا اور اپنے آسمانی باپ کا شکر گزار ہونا ہے کہ وہ ہم سے کافی پیار کرتا ہے کہ اُس نے، ہمارے گناہوں، ہمارے دل کے درد اور وہ سب جو ہماری اپنی انفرادی زندگیوں میں غیر منصفانہ دکھائی دیتا ہے اُس کے لئے دکھ اُٹھانے کے لئے اپنا اکلوتا اور کامل بیٹا بھیجا۔"[2]

### اضافی صحائف اور معلومات

یوحنا ۳:۱۶؛ ۲ نیفی ۲:۶–۷؛

*reliefsociety.lds.org.*

حوالہ جات

1. ڈی ٹوڈ کرسٹوفرسن، "کفارہ" لیحونا، مئی ۲۰۱۳ء، ۱۱۰۔
2. لنڈا کے برٹن، "کیا یسوع مسیح کے کفارے پر ایمان ہمارے دلوں میں لکھا ہے؟" لیحونا، نومبر ۲۰۱۲، ۱۱۴۔

### اِس بارے سوچیں

ہم خُدا اور یسوع مسیح کا اپنے منجی کے کفارہ کے لئے اپنے تشکر اور محبت کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں؟

© 2017 by Intellectual Reserve, Inc. یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/16۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/16۔
*Visiting Teaching Message February 2017*۔ کا Urdu ترجمہ۔ 434 97922